# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ سوشیالوجی)

## وارننگ

عزیز طلبہ ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

ا۔امتحانی مشق میں اگر آپ کسی اور کی تحریر سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں۔خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔

۲۔کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد کی مواد کی چوری(PLAGIARISM)پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

**کورس:** عمرانیات-I(411)　　　　سمسٹر: خزاں،2026ء

**سطح:** بی اے / ایسوسی ایٹ ڈگری

## مشقیں جمع کرانے کا اوقات نامہ

| 6 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ | 3 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ |
|---|---|---|---|
| مشق نمبر1 | 15-12-2026 | -- | -- |
| مشق نمبر2 | 08-01-2027 | مشق نمبر1 | 08-01-2027 |
| مشق نمبر3 | 30-01-2027 | -- | -- |
| مشق نمبر4 | 20-02-2027 | مشق نمبر2 | 20-02-2027 |

**برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔**

**(ہدایات برائے میٹرک، ایف اے اور بی اے پروگرام)**

1۔ تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

4۔ آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

5۔ غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100 | کامیابی کے نمبر بی اے:40

کامیابی کے نمبر ایسوسی ایٹ ڈگری:50

# امتحانی مشق نمبر 1

**(یونٹ:۱تا۴)**

**سوال نمبر 1:** عمرانیات کو ایک سائنسی علم کے طور پر بیان کریں اور واضح کریں کہ یہ علم روزمرہ زندگی کے مسائل کو سمجھنے اور حل کرنے میں کس طرح مدد فراہم کرتا ہے۔ (20)

**سوال نمبر 2:** معاشرتی حقیقت (Social Reality) اور انفرادی ادراک (Perception) کے درمیان تعلق پر بحث کریں۔ کیا حقیقت ہمیشہ معروضی ہوتی ہے یا اس میں ثقافتی اثرات شامل ہوتے ہیں؟ (20)

**سوال نمبر 3:** معاشرتی تفاعل (Social Interaction) کے مختلف انداز بیان کریں اور وضاحت کریں کہ یہ انسانی رویوں اور تعلقات کو کیسے تشکیل دیتا ہے۔ (20)

**سوال نمبر 4:** معاشرتی منصب (Status) اور کردار (Role) کے باہمی تعلق کو مثالوں کے ساتھ واضح کریں۔ کیا کردار میں تضاد (Role Conflict) پیدا ہو سکتا ہے؟ (20)

**سوال نمبر 5:** مندرجہ ذیل پر مختصر نوٹ تحریر کریں:

1. معاشرتی اداروں کی اہمیت (10)
2. معاشرتی اور غیر معاشرتی رویوں میں فرق (10)

کل نمبر:100 | کامیابی کے نمبر بی اے:40

کامیابی کے نمبر ایسوسی ایٹ ڈگری:50

# امتحانی مشق نمبر 2

**(یونٹ:۵تا۹)**

**سوال نمبر 1:** ثقافت کے بنیادی عناصر (Elements of Culture) کی وضاحت کریں اور بیان کریں کہ ثقافت انسانی رویوں کو کیسے متاثر کرتی ہے۔ (20)

**سوال نمبر 2:** سماجی ضابطوں (Social Norms) کی اقسام بیان کریں اور ان کے معاشرے میں نظم و ضبط قائم رکھنے کے کردار کا جائزہ لیں۔ (20)

**سوال نمبر3:** تصورِ ذات (Self) کی تشکیل میں سماجی عوامل کے کردار پر روشنی ڈالیں، خصوصاً "Looking Glass Self" کے تناظر میں۔ (20)

**سوال نمبر4:** معاشرتی تبدیلی (Social Change) کے اسباب اور اثرات پر تفصیل سے بحث کریں، اور کسی ایک نظریے کی وضاحت کریں۔ (20)

**سوال نمبر5:** مندرجہ ذیل پر مختصر نوٹ تحریر کریں: (10+10)

1. ثقافتی تاخیر (Cultural Lag)
2. سماجی کنٹرول کے ذرائع

**کل نمبر:100** **کامیابی کے نمبر بی اے:40**

**کامیابی کے نمبر ایسوسی ایٹ ڈگری:50**

## امتحانی مشق نمبر 3

## (یونٹ:۱۰تا۱۴)

**سوال نمبر1:** پاکستانی معاشرے میں خاندان کے ادارے کی ساخت اور افعال پر روشنی ڈالیں اور جدید تبدیلیوں کا تجزیہ کریں۔(20)

**سوال نمبر2:** سماجی گروہوں کی اقسام بیان کریں اور وضاحت کریں کہ گروہ فرد کی شخصیت سازی میں کیا کردار ادا کرتے ہیں۔(20)

**سوال نمبر3:** سماجی حرکت پذیری (Social Mobility) کی اقسام بیان کریں اور اس کے اسباب و نتائج پر بحث کریں۔ (20)

**سوال نمبر4:** معاشرتی تصادم (Social Conflict) کے نظریات کا جائزہ لیں اور موجودہ معاشرتی مسائل کے تناظر میں اس کی وضاحت کریں۔ (20)

**سوال نمبر5:** مندرجہ ذیل پر مختصر نوٹ تحریر کریں: (10+10)

1. سماجی طبقات (Social Classes)
2. کردار اور ذمہ داریاں

**کل نمبر:100** **کامیابی کے نمبر بی اے:40**

**کامیابی کے نمبر ایسوسی ایٹ ڈگری:50**

## امتحانی مشق نمبر 4

## (یونٹ:۱۵تا۱۸)

**سوال نمبر 1:** ازدواجی زندگی کے سماجی ونفسیاتی پہلوؤں کا جائزہ لیں اور کامیاب ازدواجی زندگی کے بنیادی عوامل بیان کریں۔(20)

**سوال نمبر 2:** معاشرتی اداروں کی اقسام بیان کریں اور ان کے افعال کو معاشرتی استحکام کے تناظر میں واضح کریں۔(20)

**سوال نمبر 3:** ریاست کو ایک سماجی ادارہ کے طور پر بیان کریں اور اس کے نظم وضبط بر قرار رکھنے میں کردار کا تجزیہ کریں۔(20)

**سوال نمبر 4:** عالمی اداروں کے عالمی معاشرے پر اثرات کا جائزہ لیں اور ترقی پذیر ممالک کے لیے ان کی اہمیت بیان کریں۔(20)

**سوال نمبر 5:** مندرجہ ذیل پر مختصر نوٹ تحریر کریں: (10+10)

1. مذہب کا سماجی کردار
2. تعلیم اور معیشت کے مسائل (پاکستان کے تناظر میں)